css_consultants Follow



## URDU VERSION

سوال نمبر2۔ اسلام خدا کی یکتائی کا تصور عقیدہ توحید کی شکل میں دیتا ہے۔ عقیدہ توحید سے کیا مراد ہے؟ اس کی مختلف اقسام کیا ہیں؟ انسانی زندگی اور معاشرے پر اس کے اثرات تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ قرآن شریعت اسلامی کا بنیادی مآخذ تمام علوم کا سرچشمہ ہے۔ مضبوط دلائل کے ساتھ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ قرآن کا تصور جہاد کیا ہے؟ اس کی مختلف اقسام، مدارج اور اصول و شرائط کیا ہیں؟ جہاد مظلوم و مقہور طبقے کو کس طرح ظلم سے نجات دلاتا ہے؟ قرآن و سنت کی روشنی میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ پیغمبر اسلام ﷺ کا خطبہ حجۃ الوداع انفرادی اور اجتماعی سطح پر انسانی حقوق کا شعور دیتا ہے۔ مناسب اور مضبوط دلائل کے ساتھ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر6۔ اسلام اچھی اور مضبوط حکومت کا تصور شوریٰ کی صورت میں دیتا ہے۔ اس سیاسی و حکومتی نظام کی تفصیلات قرآن و حدیث کی روشنی میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر7۔ قرآن کے مطابق لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ سیرت النبی ﷺ کو تمام انسانیت کے لیے رہنمائی کا ذریعہ قرار دیتے ہوئے حوالہ کے ساتھ بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر8۔ عبادات افراد کی کردار سازی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اسلام کی مختلف عبادات کے اہم پہلو صحیح حوالہ جات کے ساتھ بیان کریں۔ (20)

******************

WORLD TIMES INSTITUTE

CamScanner

سوال ۲

جواب ۱۔ تعارف

"بیاں میں نکتہ توحید تو آ سکتا ہے
تیرے دماغ میں بت خانہ ہو تو کیا کہیے"

(علامہ اقبالؒ)


اسلام خدا کی یکتائی کا تصور عقیدہ توحید کی شکل میں دیتا ہے عقیدہ توحید خدا کی وحدانیت کا اقرار کرتا ہے اور اس کی اقسام سے واضح ہے کہ خدا کی یکتائی دائم ہے۔ مزید عقیدہ توحید کے انسانی انفرادی اور اجتماعی زندگی پر گہرے اثرات ہیں۔ یعنی عقیدہ توحید ایک خدا کے قائم کردہ نظام کی یقین دہی کرتا ہے

2۔ عقیدہ توحید کی وضاحت

"عقیدہ توحید یعنی" ایک خدا کو ماننا" ہے۔"

(آکسفورڈ ڈکشنری)

عقیدہ توحید رب تعالیٰ کے ایک ہونے کا دعویٰ کرتا ہے۔
بیشک! اللہ تعالیٰ ایک ہے اور دائم ہے۔




اس سے ظاہر ہے کہ عقیدہ توحید خدا کی یکتائی کی گواہی دیتا ہے۔

## عقیدہ توحید کی تفصیل -3

عقیدہ توحید کی تفصیل سورہ اخلاص میں یوں بیان ہے:

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝
اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝
لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝

وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا
أَحَدٌ

ترجمہ:

"اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔
نہ اس کو کوئی باپ ہے اور
نہ ہی وہ کسی کا باپ ہے۔
اور اس کا کوئی ہمسر
نہیں۔"

عقیدہ توحید اللہ تعالیٰ کے ایمان
کا جز ہے۔ خدا کی وحدانیت کا
اقرار یوں بھی بیان کیا جا سکتا ہے۔

"اسلام ایک قلعہ ہے
اور
توحید اس کا دروازہ
ہے"

(علامہ شبلی نعمانی۔
سیرت النبی صلی اللہ علیہ
وسلم)

مزید، علامہ شبلی نعمانی رحمہ فرماتے
ہیں:

"توحید اسلام کا پہلا


سبق ہے۔"

(سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم)

مطلب صاف ظاہر ہے کہ اسلام کا پہلا تصور خدا کی یکتائی کا یقین ہونا ہے۔

## ۴۔ توحید کی مختلف اقسام

توحید کی مندرجہ ذیل اقسام ہیں:




## ۱) توحید ذات

توحید ذات، توحید کی پہلا اقسام ہے جو کہ خدا کی وحدانیت

کا اقرار کرنا ہے۔ خدا کی ذات میں
کوئی شریک نہیں ہے۔

"اس بہتی ہوئی کائنات کا
نظام صرف ایک خدا
ہی چلا سکتا ہے۔"
(John Clover)

یعنی، خدا کی ذات میں کوئی شریک
نہیں۔

(ii) توحید صفات

توحید ذات کے بعد، توحید
صفات ایک دوسری قسم ہے۔ یعنی اللہ
تعالٰی اپنی صفات میں سب سے
منفرد ہے اور اس کا کوئی ہمسر نہیں۔

"بیشک! خدا نے ہر چیز
ہی خوب صورت بنائی
اور
انسان اسی کی بہترین
نشانی ہے۔"
(السجدہ :06)

مطلب، اللہ تعالٰی اپنی صفات میں

بھی ایک ہے۔

(iii) توحید فعل و فعال

توحید فعل و فعال خدا کے یکتائی کو خوب نمایاں کرتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ خدا کے حکم کے ماتحت ہی کائنات کا نظام ہے۔

"اور جب وہ کسی کام کا ارادہ کرتا ہے تو "کن" ۔ فیکون ہو جاتا ہے۔"
(سورہ یٰس ۔ 36:82)

اس سے ظاہر ہے کہ توحید فعل و فعال کائنات کو خدا کے ماتحت پیش کرتا ہے۔

د۔ توحید کے انفرادی زندگی پر اثرات

مندرجہ ذیل اثرات ہیں:

i) تسکین قلب کا باعث

عقیدہ توحید تسکین

سکون کا باعث ہے۔ اس سے انسان کی زندگی میں سکون آتا ہے۔

"بیشک اللہ کی یاد سے
دلوں کو سکون ملتا ہے۔"
(الرعد: 28)

عقیدہ توحید سکون کا باعث ہے۔

(ii) عقیدہ توحید صبر دلاتا ہے

مزید، عقیدہ توحید صبر دلاتا ہے۔ انسان ہر حال میں صبر سے کام لیتا ہے۔

"فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا"
ترجمہ: بیشک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔

مطلب، عقیدہ توحید صبر دلاتا ہے۔


(iii) عقیدہ توحید اخلاقیات کا ضامن ہے

عقیدہ توحید کی وجہ سے انسان اخلاقیات کو بڑھاتا ہے۔ خوف خدا انسانی اخلاقیات کو مضبوط کرتا ہے۔

"اور اپنے بھائی کی پیٹھ پیچھے برائی مت کرو۔"

(الحجرات 11:12)

مطلب عقیدہ توحید اخلاقیات کا داعی ہے۔




## انفرادی زندگی پر اثرات

2- عقیدہ توحید کے اجتماعی زندگی پر اثرات

مندرجہ ذیل اثرات ہیں:

(i) انسانی مساوات کا درس

عقیدہ توحید انسانی مساوات کا درس دیتا ہے۔ سارے انسان آپس میں بھائی ہیں۔

"اور ایک خدا سے ڈرو جس نے ایک روح سے تمہیں بنایا۔"

(النساء: 4:1)

یعنی عقیدہ توحید انسانی مساوات کا درس دیتا ہے۔


(ii) عقیدہ توحید نسل پرستی کا خاتمہ کرتا ہے

عقیدہ توحید نسل پرستی کا خاتمہ بھی کرتا ہے۔ اسلام نے ہمیشہ برابری کا درس دیا ہے۔

"نہ کسی عربی کو عجمی پر
اور
نہ کسی عجمی کو عربی پر
فوقیت حاصل ہے۔
نہ کسی گورے کو کالے پر
اور نہ ہی

کسی کالے کو گورے پر
فوقیت حاصل ہے،
فوقیت صرف تقویٰ کو
ہے۔"
(خطبہ حجۃ الوداع)
مطلب، عقیدہ توحید نسل پرستی کا
خاتمہ کرنا ہے۔

(iii) عقیدہ توحید انسانیت کا درس دیتا ہے
مزید، عقیدہ توحید
انسانیت کا درس دیتا ہے۔ خدا کی
نظر میں سارے انسان ایک جیسے
ہیں۔ "کسی ایک انسان کا قتل،
پوری انسانیت کے قتل کے
برابر ہے،
اور
جس نے ایک انسان کی جان بچائی
گویا پوری امت کی جان بخشی۔"
(المائدہ 5:32)
یعنی، عقیدہ توحید انسانیت کا حامل
ہے۔




## اجتماعی زندگی پر اثرات

7- خلاصہ بحث

دل میں خدا کا نام لازم ہے اقبال
سجدوں میں پڑے رہنے سے
جنت نہیں ملتی۔
(علامہ محمد اقبال رحمہ)

اسلام خدا کی یکتائی کا تصور عقیدہ توحید کی شکل میں پیش کرتا ہے یعنی عقیدہ توحید ہر صورت میں خدا کی وحدانیت کا یقین دینا ہے مذہب عقیدہ توحید کے انفرادی اور اجتماعی زندگی پر بڑے گہرے اثرات ہیں مطلب عقیدہ توحید ہی اسلام کا دروازہ ہے